مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

نظامت فاصلاتی تعلیم مفوضہ کام - 2

کورس: بی کام سمسٹر: دوسرا اکائی: 9 تا 16

مضمون: فینانشیل اکاؤنٹنگ - II

داخل کرنے کی آخری تاریخ: جملہ نشانات: 30

حصہ: الف

1. خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔ (5 x 1 = 5)

i) ____________ طریقے میں صرف شخصی کھاتے رکھے جاتے ہیں۔

ii) جوائنٹ وینچر کاروبار میں کم از کم __________ فریقین ہوتے ہیں۔

iii) ڈیبٹ اور کریڈیٹ __________ اندراج کے طریقے میں پائے جاتے ہیں۔

iv) دوہرے اندراج کے طریقے کو __________ نے پیش کیا۔

v) اکہرے اندراج کے طریقہ کا استعمال __________ تاجرین کے لئے موزوں ہے۔

حصہ: ب

ذیل کے سوالات میں سے کسی پانچ کے جوابات دیجئے۔ (5 x 3 = 15)

2. مشترکہ مہم (Joint Venture) کیا ہے؟ اس کے فریق کون ہوتے ہیں؟ بیان کیجئے۔

3. مشترکہ مہم (Joint Venture) اور ترسیل مال (Consignment) کے درمیان فرق کیجئے۔

4. جوائنٹ بینک اکاؤنٹ کیا ہے؟ اس کا استعمال بیان کیجئے۔

5. مشترکہ مہم (Joint Venture) کے تحت رکھے جانے والے کھاتوں کے طریقے لکھیئے۔

6. میمورنڈم جوائنٹ وینچر کیا ہے؟ اس کا نمونہ دیجئے۔

7. کو وینچرز کی جانب سے کھاتوں کا الگ سیٹ رکھنے پر حسابی طرز عمل لکھیئے۔

8. اکہرے اندراج کے طریقے سے کیا مراد ہے؟ اس کے خصوصیات بیان کیجئے۔

9. ذیل کے تفصیلات کی مدد سے اکہرے اندراج کے طریقے کے مطابق اندراجات کیجئے۔

فرخت 1,00,000 روپئے، خریدی 10,000 روپئے، شان سے حاصل رقم 5,000 روپئے، کرایہ ادا کیا گیا 6,000 روپئے، اجرت ادا کیا گیا 5,000 روپئے۔

P.T.O

حصہ:ج

ذیل کے سوالات میں سے کسی دو کے جوابات تفصیل سے دیجئے۔ (2 x 5 = 10)

10. اکہرے اندراج کا طریقہ کیا ہے؟ اس کی خصوصیات بیان کیجئے۔

11. اکہرے اندراج اور دوہرے اندراج کے درمیان فرق کیجئے۔

12. اکہرے اندراج کے نظام کی خامیاں بیان کیجئے۔

13. A اور B دونوں ایک ملبوسات کے کاروبار میں مشترکہ مہم میں نفع ونقصان کے مساوی حصے دار ہیں۔ کاروبار میں A اور B دونوں ایک ایک لاکھ روپۓ مشغول کرتے ہیں۔ کاروبار کیلئے 40,000 روپۓ کے ملبوسات خریدے گئے۔ کاروبار کے متفرق اخراجات 10,000 روپۓ ادا کیئے گئے۔ دوران سال فروخت 4,00,000 روپۓ ہے۔ مسٹر B ذاتی استعمال کے لئے 10,000 روپۓ کا مال کاروبار سے لیتا ہے۔ مسٹر A کاروباری فرائض انجام دیتا ہے، جس کو 10,000 روپۓ تنخواہ ادا کی جاتی ہے۔ عام اندراجات کرتے ہوئے ضروری کھاتے کھولیئے۔

14. ریاض اور نعیم ایک مشترکہ باہمی کاروبار میں 2:1 کے تناسب میں نفع ونقصان کے حصے دار ہیں۔ A اور B مشترکہ بینک اکاؤنٹ میں بالترتیب 2,00,000 روپۓ اور 1,00,000 روپۓ جمع کرتے ہیں۔ کاروبار کے دیگر تفصیلات اس طرح ہیں: فروخت 5,00,000 روپۓ، مال کی خریدی 1,00,000 روپۓ، اجرت 20,000 روپۓ، کرایہ 6,000 روپۓ۔ عام اندراجات کے ساتھ ضروری کھاتے کھولیئے۔

☆☆☆